ایس او پیز (SOPs) نمبر: ابدالین سوسائٹی فیز-I :03 مورخہ: 2026-01-01

سیکیورٹی ایس او پیز برائے رہائشی ابدالین ہاؤسنگ سوسائٹی لاہور

1۔ داخلہ مین گیٹ اور سیکنڈری گیٹ کا کنٹرول و پروٹوکول:۔

- غیر متعلقہ افراد کو بغیر شناختی تصدیق کے سوسائٹی میں داخل ہونے کی اجازت نہ ہو گی۔
- داخلی اور خارجی راستوں کا انتظام ابدالین سوسائٹی کی دفاع کی پہلی لائن ہے۔ لہذا خودکار ٹریکنگ ضروری ہے۔
- گاڑیوں پر سوسائٹی مینجمنٹ آفس کے ساتھ رجسٹرڈ ایک فعال خودکار (RFID) ای ٹیگ یا متبادل طور پر سوسائٹی کا ونڈ شیلڈ اسٹیکر لازمی ہے۔
- اگر کوئی ای ٹیگ (RFID) ناکام ہو جاتا ہے تو گارڈز کو دستی طور پر رکاوٹ کو کھولنے سے پہلے سوسائٹی ڈیٹا بیس کے ذریعے رہائشی کے گھر کے رجسٹرڈ نمبر کے ذریعہ شناخت کی تصدیق کرنی ضروری ہو گی۔ اس سلسلہ میں گارڈز سے تعاون فرمائیں۔
- رات 11:00 بجے ای ٹیگ سسٹم کو Manual میں تبدیل کیا جائے گا اور Exit گیٹ بند کر دیئے جائیں گے اور اندر / باہر جانے والی گاڑی کی مکمل چیکنگ کی جائے گی۔

2۔ رہائشیوں کے لئے بھی ضروری ہے کہ اپنے ملاقاتیوں کو سیکیورٹی سٹاف کو بلا رکاوٹ معلومات دینے میں تعاون کریں۔

3۔ سیکیورٹی گارڈز ابدالین سوسائٹی میں غیر ذمہ دارانہ ڈرائیونگ کرنے والوں کی گاڑی کا نمبر نوٹ کر کے سیکیورٹی سپروائزر کو رپورٹ دے گا اور سیکیورٹی سپروائزر رپورٹ جنرل مینجر کے آفس جمع کروائے گا اور اس کے متعلق مناسب قانونی کاروائی کی جائے گی۔

4۔ سیکیورٹی سٹاف سوسائٹی کی حدود کے اندر سڑکوں پر بغیر سائلنسر موٹر بائیک یا گاڑی تیز دوڑانے والے افراد کو چیک کر کے انھیں ایسا کرنے سے باز رکھیں گے اور اگر وہ منع نہ ہوں تو ان کی رپورٹ لکھ کر سوسائٹی آفس میں جمع کروائیں۔

5۔ ابدالین سوسائٹی کے تمام پارکس میں پالتو جانور لانا ممنوع ہے۔

6۔ ترسیلی خدمات:۔ کھانا، کوریئر، ای کامرس: (گیٹ پر موجود گارڈز عارضی "وزیٹر پاس" کے بدلے رائیڈرز کا شناختی کارڈ یا لائسنس اپنے پاس رکھیں گے اور واپسی کے وقت یہ شناختی کارڈ واپس کر دیا جائے گا۔

7۔ <u>ملازمین، ڈرائیور، مزدور:</u>

- تمام مستقل گھریلو عملے کے پاس سوسائٹی کا جاری کردہ سوسائٹی شناختی کارڈ ہونا لازمی ہے۔
- نئے یا عارضی مزدوروں کے ساتھ داخلہ اور اخراج کے لیے متعلقہ رہائشی فرد یا سیکورٹی کا عملہ (ایسکارٹ) ہونا ضروری ہے تاکہ انہیں کام کی مخصوص جگہ تک پہنچایا جاسکے۔
- متعلقہ رہائشی کی ذمہ داری ہے کہ عارضی ملازمین اور مزدور کی واپسی اور سوسائٹی حدود سے اخراج کو یقینی بنائے۔

8۔ Yango/Uber/Indrive گاڑی اور رکشہ کے ڈرائیور کا شناختی کارڈ، لائسنس یا رجسٹریشن کے کاغذات لینا لازمی ہیں اور Yango/Uber/Indrive گاڑی اور رکشہ کے ڈرائیور کو کسی بھی ممبر کا صرف نام لے کر اندر جانے کی اجازت نہ ہو گی جب تک سیکیورٹی عملہ رہائشی ممبر کو تصدیق شدہ / رجسٹرڈ فہرست والے نمبر پر فون کر کے کنفرم نہ کر لے۔

General Secretary
Abdalians Cooperative
Housing Society Lahore

9۔رہائشیوں پر لازم ہے کہ وہ سیکیورٹی کی کسی بھی خلاف ورزی یا غیر محفوظ صورتحال کی اطلاع فون کے علاوہ 'MyAbdalian' ایپ پر ٹکٹ کے ذریعے فوری طور پر دیں۔

- گیٹ نمبر1۔042-35315500
- گیٹ نمبر2۔042-35315511
- گیٹ نمبر3۔042-35315522

10۔ابدالین سوسائٹی میں رہائش پذیر یا وہاں کام کرنے والے ہر فرد کی ذمہ داری ہے کہ وہ سیکیورٹی کے امور میں اپنا کردار ادا کرے۔

11۔مندرجہ بالا اصولوں کی خلاف ورزی کی وجہ سے ہونے والے کسی بھی نقصان کی تمام تر ذمہ داری رہائشی ممبر یا کرایہ دار پہ عائد ہو گی۔

جنرل سیکرٹری

General Secretary
Abdalians Cooperative
Housing Society Lahore